## سوال

(542) بغیر رفع الیدین نماز کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص جو کہ حنفی مسلک سے تعلق رکھتا ہے، وہ سورہ فاتحہ امام کے پیچھے پڑھتا ہے۔ دیگر نماز کے اہم بنیادی ارکان کو سنت کے مطابق کرتا ہے، لیکن رفع الیدین نہیں کرتا۔ کیا اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟ یا کہ صرف اس سنت کے ثواب و فضیلت سے محروم ہوجائے گا۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکور شخص کی نماز تو رفع یدین کے بغیر ہوجائے گی۔ لیکن اس کو التزامِ سنت کی تبلیغ و ترغیب و اہمیت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ لَعَلَّ اللَّهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَٰلِكَ أَمْرًا

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :475**

**محدث فتویٰ**